## ہم امن پسند ہیں اور امن کے ساتھ نہ صرف انتخابات میں حصہ لینا چاہتے ہیں بلکہ پورے ملک میں پرامن جدوجہد کے ذریعے انقلاب لانا چاہتے ہیں۔الطاف حسین

## مخالف قوتوں کی تمام تر سازشوں اور پروپیگنڈوں کے باوجود ایم کیوایم نہ صرف پہلے سے مضبوط ہے بلکہ ملک بھر میں تیزی سے پھیل رہی ہے۔آج ایم کیوایم کے قافلے میں ہر علاقے، ہر نسل، ہر زبان اور ہر طبقہ کے لوگ شامل ہیں

## سندھ اسمبلی کے حلقہ PS-94 پر ہونے والے ضمنی انتخاب کی تیاریوں میں مصروف کارکنوں سے ٹیلیفون پر گفتگو

## اورنگی ٹاؤن قصبہ کالونی کے کارکنوں اور عوام کو گزشتہ روز کے کامیاب جلسہ پر دلی مبارکباد اور زبردست خراج تحسین

## مخالفین کی اشتعال انگیزی پر صبر وتحمل کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اور پرامن انداز میں انتخابی ذمہ داریاں انجام دیں۔الطاف حسین کی تلقین

## اورنگی ٹاؤن اور قصبہ کالونی کے عوام ایک مرتبہ پھر ایم کیوایم کے امیدوار کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں گے

کراچی۔۔۔16 اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ہم امن پسند ہیں اور امن کے ساتھ نہ صرف انتخابات میں حصہ لینا چاہتے ہیں بلکہ پورے ملک میں پرامن جدوجہد کے ذریعے انقلاب لانا چاہتے ہیں۔انہوں نے یہ بات آج اورنگی ٹاؤن میں سندھ اسمبلی کے حلقہ PS-94 پر ہونے والے ضمنی انتخاب کی تیاریوں میں مصروف کارکنوں سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔جناب الطاف حسین نے اورنگی ٹاؤن قصبہ کالونی سیکٹر کے تمام کارکنوں، ذمہ داروں، نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین کو گزشتہ روز کے شاندار جلسہ پر دلی مبارکباد اور زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اورنگی ٹاؤن اور قصبہ کالونی کے عوام وکارکنان نے ایک مرتبہ پھر اپنے مثالی اتحاد کے ذریعے دنیا کو بتادیا ہے کہ وہ کل بھی ایم کیوایم کے ساتھ تھے اور آج بھی ہیں۔انہوں نے مختلف قومیتوں کے عوام کی جانب سے ایم کیوایم کی انتخابی مہم میں بھرپور شمولیت اور حمایت کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ مخالف قوتوں کی تمام تر سازشوں اور منفی پروپیگنڈوں کے باوجود ایم کیوایم نہ صرف پہلے سے مضبوط ہے بلکہ ملک بھر میں تیزی سے پھیل رہی ہے اور آج ایم کیوایم کے قافلے میں ہر علاقے، ہر نسل، ہر زبان اور ہر طبقہ کے لوگ شامل ہیں۔جناب الطاف حسین نے اورنگی ٹاؤن قصبہ کالونی کے شہید رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ سید رضا حیدر شہید، ڈاکٹر عمران فاروق شہید اور دیگر تمام شہیدوں کا خون ضرور رنگ لائے گا اور ہماری تحریک کامیابی سے ضرور ہمکنار ہوگی۔جناب الطاف حسین نے اورنگی ٹاؤن اور قصبہ کالونی کے کارکنوں سے ضمنی انتخاب کی تیاریوں کی تفصیلات معلوم کیں اور انہیں تلقین کی کرتے ہوئے کہا کہ مخالفین کی جانب سے اگر کسی بھی قسم کی اشتعال انگیزی کی جائے پھر بھی آپ جذبات پر قابو میں رکھیں، صبر وتحمل کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اور پرامن انداز میں اپنی انتخابی ذمہ داریاں انجام دیں اور اپنے طرز عمل سے ثابت کردیں کہ ہم امن پسند ہیں اور پرامن جدوجہد پر یقین رکھتے ہیں۔انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ اورنگی ٹاؤن اور قصبہ کالونی کے عوام ایک مرتبہ پھر ایم کیوایم کے امیدوار کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں گے۔

## شہید ملت خان لیاقت علی خان کے قتل کی سازش میں وہ جاگیردار، وڈیرے ملوث ہیں جو انگریزوں کے ایجنٹ تھے،الطاف حسین

## لیاقت علی خان شہید پاکستان سے سچی محبت رکھنے والے اور وفاوخلوص کے پیکر تھے،59ویں برسی پر خصوصی بیان

لندن۔۔۔16،اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا کہ شہید ملت خان لیاقت علی خان پاکستان سے سچی محبت رکھنے والے اور وفاوخلوص کے پیکر تھے ان کے قتل کی سازش میں ملک پر قابض وہ جاگیردار، وڈیرے ملوث ہیں جو انگریزوں کے ایجنٹ تھے۔بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ کے دست راست شہید ملت خان لیاقت علی خان کی 59ویں برسی کے موقع پر اپنے خصوصی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید ملت خان لیاقت علی خان کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہید ملت پاکستان کو اس کے خوابوں کی تعبیر دیکر ترقی یافتہ ممالک کی صفوں میں شامل کرنا چاہتے تھے لیکن انہیں راولپنڈی کے ایک جلسے میں ایک گھناؤنی سازش کے تحت بیدردی سے شہید کردیا گیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور اس کے عوام کے بنیادی مسائل کی اصل جڑ فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام ہے اور ایم کیوایم ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کا انقلاب لانا چاہتی ہے۔انہوں نے مزید کہا شہید ملت خان لیاقت علی خان کے قتل کی سازش پر آج تک پردہ ہے اور اس کے پس پردہ حقائق سے عوام آج بھی ناواقف

ہیں جو ملک بھر کے عوام کیلئے لمحہ فکریہ سے کم نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد شہید ملت خان لیاقت خان کی زندگی کا عملی نمونہ ہے اوران کے عمل وکرداراور درس پر ایم کیوایم ہی عمل پیرا ہے جو ملک بھر کے عوام کیلئے انقلاب کی نوید ہے۔جناب الطاف حسین نے شہید ملت خان لیاقت خان کو ایک مرتبہ پھرزبردست خراج عقیدت پیش کیااور کہا کہ شہید کا خون رائیگاں نہیں جائے گااور بیانیان پاکستان کی اولادیں ایک دن قائداعظم محمد علی جناح ،ڈاکٹر علامہ اقبال ،شہید ملت خان لیاقت علی خان اور دیگر بانیان پاکستان کے خوابوں کو حقیقت میں تبدیل کردیں گی اوراس دن ہرظلم وناانصافی کا خاتمہ ہوگااور ملک بھر کے عوام اپنی آزادی کے اصل معنی اور مفہوم کے مطابق اپنی زندگیاں بسر کرسکیں گے۔

## شہر میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے ایک کارکن اور دو ہمدرد شہید اور کئی ہمدرد نوجوان، بزرگ اور خواتین زخمی ہوئے

## دہشت گردی کے یہ واقعات ضمنی انتخاب کوسبوتاژ کرنے اور شہر کے حالات خراب کرنے کی گھناؤنی کوششوں کا حصہ ہیں

## کارکنان وعوام دہشت گردیوں اوراشتعال انگیزیوں کے باوجود صبروبرداشت اور ضبط وتحمل سے کام لیں اور پرامن رہ کر شہر کے حالات خراب کرنے کی ہر گھناؤنی کوشش کوناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی کی اپیل

کراچی۔۔۔16 اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے شہر کے مختلف علاقوں میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے ایک کارکن اور کئی ہمدردوں کی شہادت کے واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہاہے کہ دہشت گردی کے یہ واقعات کراچی میں ہونے والے ضمنی انتخاب کوسبوتاژ کرنے اور شہر کے حالات خراب کرنے کی گھناؤنی کوششوں کا حصہ ہیں۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ لینڈ مافیا، ڈرگ مافیااور جرائم پیشہ عناصر گزشتہ چندروز سے شہر کے حالات خراب کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔اورنگی ٹاؤن میں ہونے والے ضمنی انتخاب سے تین روز قبل شہر میں ایم کیوایم کے پانچ کارکنوں کواغواء کرنے کے بعد بہیمانہ تشدد کرکے شہید کردیا گیااور آج شام کو پھر مسلح دہشت گردوں نے اچانک بنارس، بخاری کالونی، کٹی پہاڑی، گلستان جوہر، بلدیہ ٹاؤن، جوڑیابازاراور شہر کے دیگر علاقوں میں بسوں، گاڑیوں، دکانوں اور راہگیروں پر بلاجواز فائرنگ شروع کردی جسکے نتیجے میں ایم کیوایم کے ایک کارکن اور کئی ہمدرد شہید اور زخمی ہوئے جن میں خواتین بھی شامل ہیں۔دہشت گردوں کی فائرنگ سے بلدیہ ٹاؤن میں ایم کیوایم یونٹ 115 کے کارکن وقاص بھی شہید اوران کے والد زخمی ہوئے۔کٹی پہاڑی پر ویگن پر مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونے والوں میں اورنگی ٹاؤن یونٹ 121 سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے ہمدرد ظفر اقبال اور یونٹ 122 گبول کالونی کے ہمدرد قیصر شامل ہیں جبکہ ہمدرد نوجوان، بزرگ اور خواتین بھی زخمی ہونے والوں میں شامل ہیں۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے دہشت گردی کے ان واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور جرائم پیشہ عناصر کی جانب سے دہشت گردی کی یہ کارروائیاں کراچی میں ہونے والے ضمنی انتخاب کوسبوتاژ کرنے اور شہر کے حالات خراب کرنے کی گھناؤنی کوششوں کا حصہ ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے شہید ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنوں اور ہمدردوں کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیااور کارکنوں اور عوام سے اپیل کی کہ وہ ان دہشت گردیوں اوراشتعال انگیزیوں کے باوجود صبروبرداشت اور ضبط وتحمل سے کام لیں اور پرامن رہ کر شہر کے حالات خراب کرنے کی ہر گھناؤنی کوشش کوناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردی کے ان واقعات کا فوری نوٹس لیاجائے اوران میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے۔

## پی ایس 94 کی نشست پر ہونیوالے ضمنی الیکشن کیلئے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر مانیٹرنگ سیل قائم اور اس کے ٹیلی فون نمبروں کا اجراء کردیا گیا ہے

کراچی۔۔۔16،اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں پی ایس 94 کی نشست پر ہونے والے ضمنی الیکشن کے سلسلے میں مانیٹرنگ سیل قائم کردیا گیا ہےاوراس کے ٹیلی فون نمبروں کا اجراء کردیا گیا ہے۔مانیٹرنگ سیل سے ٹیلی فون نمبر 36329131+36329900+36313690 پر رابطہ کیا جاسکتا ہےاور ضمنی الیکشن کی صورتحال،اس کے نتائج کے متعلق معلومات حاصل اور فراہم کی جاسکتی ہیں۔یہ مانیٹرنگ سیل دودن بلاتوقف کام کریگا ۔

## اورنگی اورقصبہ علی گڑھ کے عوام پی ایس 94 کی نشست پر ہونیوالے ضمنی الیکشن میں پتنگ کے انتخابی نشان پر مہر لگا کر حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کو فقید المثال کامیابی سے ہمکنار کریں،الطاف حسین

## 17،اکتوبر کے دن ہونے والا ضمنی الیکشن انقلاب کی سمت کا تعین کریگا اس دن کی فتح تمام قومیتوں کا ایم کیوایم پر اعتماد کا مظہر ہوگی

لندن۔۔۔16،اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اورنگی ٹاؤن اور قصبہ علی گڑھ کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ 17 اکتوبر کو پی ایس 94 کی نشست پر ہونے والے ضمنی الیکشن میں پتنگ کے انتخابی نشان پر مہر لگائیں اور نامزد حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ماضی میں پی ایس 94 کی نشست پر ہونے والے ہر انتخابات میں عوام حق پرست امیدواروں پر اپنے بھر پور اعتماد کا اظہار کر چکے ہیں اور اس مرتبہ بھی حق پرست مائیں،بہنیں، بزرگ اور نوجوان نامزد حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کو فقید المثال کامیابی سے ہمکنار کریں گے۔انہوں نے کہا کہ 17 اکتوبر کے دن ہونے والا ضمنی الیکشن انقلاب کی سمت کا تعین کریگا اور اس الیکشن میں ایم کیوایم کی فتح ملک بھر کے مظلوم عوام کی جیت ہوگی۔انہوں نے کہا کہ پی ایس 94 میں ملک کی تمام قومیتوں کی نمائندگی موجود ہے اور اس نشست سے حق پرست امیدواروں کی ماضی میں کامیابیاں اور 17 اکتوبر کے دن ملنے ولی شاندار فتح تمام قومیتوں کی جانب سے ایم کیوایم پر بھر پور اعتماد کا مظہر ہوگی اور ایم کیوایم کو لسانیت اور قومیتوں کے خلاف قرار دینے والوں کے لئے ایک اور سبق ہوگا۔جناب الطاف حسین نے اورنگی ٹاؤن اور قصبہ علی گڑھ میں رہائش پذیر ہر قومیت اور برادریوں سے تعلق رکھنے والے حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ 17 اکتوبر کے دن اپنا حق رائے دہی زیادہ سے زیادہ تعداد میں استعمال کریں اور حق پرست امیدوار سیف الدین خالد کو پتنگ کے انتخابی نشان پر مہر ثبت کر کے کامیاب کرائیں۔

## ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت بڑا سانحہ ہے،سینیٹر ایس ایم ظفر

## مسلم لیگ(ق)کے سینیٹر کی نائن زیرو پر کنور خالد یونس اور دیگر سے تعزیتی ملاقات

کراچی۔۔۔16،اکتوبر2010ء

ممتاز قانون دان وسابق وفاقی وزیر قانون اور مسلم لیگ(ق)کے سینیٹر ایس ایم ظفر نے جمعہ کی شام ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس سے ملاقات کی اور ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر عبدالرؤف صدیقی اور رکن سندھ اسمبلی مقیم عالم بھی موجود تھے۔سینیٹر ایس ایم ظفر نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق انتہائی ملنسار اور سنجیدہ رہنماء تھے جن کی ملکی و بین اقوامی سیاست پر گہری نظر تھی،ان کی شہادت یقیناً بڑا سانحہ ہے جو صرف ایم کیوایم ہی کا نہیں بلکہ ملک وقوم بھی نقصان ہے۔انہوں نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی مغفرت،ان کے درجات کی بلندی کیلئے فاتحہ خوانی اور قائد تحریک الطاف حسین سمیت شہید کی بیوہ،بچوں،والدین اور دیگر سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔اس موقع پر میزبانوں نے سینیٹر کی نائن زیرو آمد اور تعزیت کا شکریہ ادا کیا۔

## لینڈ ریفارمز بل کی حمایت یا مخالفت سے ثابت ہوجائے گا کہ کون پاکستان کے عوام سے مخلص ہے،کنور نوید جمیل

## مظفر گڑھ میں کارکنان کی تربیتی نشست اور کوٹ ادو میں موٹر سائیکل ریلی کے بعد جلسے کے شرکاء سے خطاب

ملتان۔۔۔16،اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور نوید جمیل نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم نے قومی اسمبلی میں لینڈ ریفارمز بل پیش کر دیا ہے اور لینڈ ریفارمز بل 2010 کے آنے سے جاگیرداروں اور وڈیروں کی راتوں کی نیندیں اڑ گئیں ہیں۔یہ بات انہوں نے مظفر گڑھ میں منعقدہ کارکنان کی تربیتی نشست اور کوٹ ادو میں موٹر سائیکل ریلی کے بعد جلسے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔تربیتی نشست اور ریلی میں کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت کو ملک وقوم کیلئے نجات کا واحد راستہ قرار دیا۔اس موقع پر ایم کیوایم ملتان زون کی زونل کمیٹی ارکان اختر اعوان ایڈووکیٹ،رانا افلاطون ایڈووکیٹ،ڈسٹرکٹ وتحصیل کمیٹی کوٹ ادو کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔کنور نوید جمیل نے کہا کہ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ،وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کی تبدیلی سے ہی ملک کی معاشی،سیاسی، اقتصادی اور تعلیمی ترقی ممکن ہے اور لینڈ ریفارمز بل کی حمایت یا مخالفت سے ثابت ہوجائے گا کہ کون پاکستان کے عوام سے مخلص ہے۔

## ملک کی تقدیر قائد تحریک جناب الطاف حسین ہی تبدیل کر سکتے، یوسف شاہوانی

## ڈی جی خان اور راجن پور میں منعقدہ کارکنان کی علیحدہ علیحدہ تربیتی نشستوں کے اجتماعات سے خطاب

ملتان۔۔۔16، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے کہا ہے کہ پاکستان کی تقدیر صرف قائد تحریک جناب الطاف حسین تبدیل کر سکتے ہیں جبکہ ملک میں زرعی اصلاحات سے ہاریوں کسانوں کو معاشرے میں وقار مقام ملے گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ڈی جی خان اور راجن پور میں منعقدہ کارکنان کی علیحدہ علیحدہ تربیتی نشستوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی، زونل کمیٹی کے رکن شہزاد گورچانی اور ڈسٹرکٹ کے ذمہ داران وکارکنان کثیر تعداد میں موجود تھے ۔یوسف شاہوانی نے کہا کہ اب وہ وقت دور نہیں جب صوبہ پنجاب، خیبر پختونخواہ، بلوچستان، سندھ، کشمیر اور گلگت بلتستان سے غریب ومتوسط طبقے کے پڑھے لکھے افراد اقتدار کے ایوانوں میں پہنچیں گے۔انہوں نے کہا کہ ملک پر حکمرانی کرنے والے 2 فیصد استحصالی طبقے کا سورج غروب ہورہا ہے اور ملک بھر میں غریب ومتوسط طبقے کا انقلاب جنم لے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے متفق ہیں اور ان کے نظریئے وفکر فلسفے پر تنقید اور پروپیگنڈے کرنے والے ہی دراصل غریب ومتوسط طبقے کے انقلاب سے خوفزدہ ہیں اور آج بھی ایم کیوایم کے خلاف گھناؤنی سازشوں میں مصروف ہیں ۔یوسف شاہوانی نے کارکنان کو تلقین کی کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیانات اور خطابات کا بغور مطالعہ کریں، ملکی حالات پر گہری نظر رکھیں اور عوام کی صحیح رہنمائی کر کے انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے زیادہ سے زیادہ آگاہی فراہم کریں۔

## نیوز ون ٹی وی چینل کے کیمرہ مین ایس ایم واحد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن۔۔۔16، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نیوز ون ٹی وی چینل کے کیمرہ مین ایس ایم واحد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔16، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 158 کے کارکن سیّد رضا علی جعفری کے والد سیّد محمد علی ہادی جعفری، رنچھوڑ لائن سیکٹر یونٹ 28 کے کارکن یوسف ملنگی کے والد محمد تاج اجمیری، کورنگی سیکٹر یونٹ 71 کے کارکن محمد سلیم کے والد نور محمد، کورنگی سیکٹر یونٹ 78 کے کارکن محمد اسلم کی والدہ رضیہ سلطانہ اور ایم کیوایم عمر کوٹ کے زونل ممبر ٹیکم داس کے بھائی مدن داس کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔(آمین)

## قائد تحریک الطاف حسین کے فلسفے پر عمل سے ہی ملک کو استحکام پہنچایا جا سکتا ہے، گلفراز خان خٹک

اٹک ۔۔۔16 اکتوبر 2010ء

پاکستان کے استحکام اور غریب عوام کے مسائل کا واحد حل قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فلسفہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی ہے جس پر عمل کر کے غریب عوام کو اپنے مسائل کے حل کیلئے اپنے درمیان سے قیادت کو سامنے لانا ہوگا۔ان خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خان خٹک نے گزشتہ روز ڈسٹرکٹ اٹک کی تحصیل حسن

ابدال کے گاؤں پنڈمہری میں کارنرمیٹنگ سے خطاب کے دوران کیا۔کارنرمیٹنگ کا اہتمام ایم کیوایم کے ہمدرداورمعروف سماجی ہنماء حاجی اشفاق نے کیا تھاجس میں علاقے کے معززین، بزرگوں کے علاوہ نوجوانوں کی بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پرحق پرست رکن قومی اسمبلی سید طیب حسین،صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن وحیدانوراورراولپنڈی زونل کمیٹی کے رکن گل اخلاق حسین بھی موجود تھے۔اپنے خطاب میں گلفراز خان خٹک نے کہا کہ اگر پاکستان کے غریب عوام ملک سے مسائل کا خاتمہ چاہتی ہے توانہیں قائدتحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ کے مطابق ان جاگیرداروں،وڈیروں اورسرمایہ داروں سے نجات حاصل کرنا ہوگی اوراپنے درمیان سے پڑھی لکھی قیادت نکال کرایوانوں میں بھیجنی ہوگی تب جاکرعوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پرحل ہونگے۔انہوں نے شرکاءکوقائدتحریک الطاف حسین کے فکروفلسفہ اورنظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی تفصیل سے آگاہی فراہم کی اورکہاکہ اس وقت دوفیصدمراعات یافتہ طبقہ پاکستان پرپوری طرح مسلط ہے ،انگریزتو 1947ء میں چلے گئے لیکن کالے انگریزچھوڑگئے کوجاگیرداروں،وڈیروں اورسرمایہ داروں کی شکل میں آج بھی ہم مسلط ہیں جوقوم کوغلام بنا کرملک کی جڑیں کمزورکررہاہے۔انہوں نے کہاکہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس نے غریب ومتوسط طبقے کے باصلاحیت اور پڑھے لکھے نوجوانوں کومنتخب کرواکرملک کے اعلیٰ ایوانوں میں بھیجااورثابت کردیاکہ ایم کیوایم عوام کے مسائل کے حل کیلئے عملاً کوشاں ہے۔میٹنگ سے حق پرست رکن قومی اسمبلی سیدطیب حسین نے بھی مختصراًخطاب کیااورایم کیوایم کے اغراض ومقاصد بیان کیے۔

## ایم کیوایم ملک میں مثبت تبدیلی کی بنیادرکھ رہی ہے،الطاف زیدی
## ایبٹ آباد،ضلع اٹک،منڈی بہاؤالدین،خوشاب،حسن ابدال اورچکوال کے ذمہ داران وکارکنان سے گفتگو

ایبٹ آباد۔۔۔16 اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی نے کہاہے کہ غریب ومتوسط طبقے کی حمایت کے باعث ایم کیوایم ملک میں مثبت تبدیلی کی بنیادرکھ رہی ہے۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روزایبٹ آباد،ضلع اٹک،منڈی بہاؤالدین،خوشاب،حسن ابدال،میانوالی اورچکوال میں ایم کیوایم کے دفاترکے دورے کے موقع پرذمہ داران وکارکنان سے ہونے والی علیحدہ علیحدہ ملاقاتوں میں گفتگوکرتے ہوئے کہی۔اس موقع پرایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان اسلم آفریدی اورنعیم بھی موجود تھے۔الطاف زیدی نے کہاکہ قائدتحریک الطاف حسین جناب الطاف حسین پرملک کی تمام قومیتوں نے اپنے اعتماد کا اظہارکردیاہے اوراب اقتدارکی کرسی پرجاری نام نہادسیاسی ومذہبی جماعتوں کا میوزیکل چیئرکاکھیل بندہوگااورملک پرپڑے لکھے غریب ومتوسط طبقے کے افراد کی عملاً حکمرانی قائم ہوگی۔انہوں نے ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان پرزوردیاکہ وہ قائدتحریک الطاف حسین کے پیغام حق پرستی کوگھرگھرفروغ دیں،انشاءاللہ وہ وقت دورنہیں جب ملک سے فرسودہ نظام کا نہ صرف خاتمہ ممکن ہوگا بلکہ عوام کوان کی دہلیزپربنیادی سہولیات میسرہوگی اورانصاف وقانون کی حکمرانی ہوگی۔

## ایم کیوایم یوکے کے کارکن محمداشفاق کی والدہ محترمہ عائشہ بیگم کے انتقال پررابطہ کمیٹی اور
## ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزرڈاکٹرسلیم دانش اورآرگنائزنگ کمیٹی کا اظہارتعزیت

لندن۔۔۔16 اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم یوکے کے کارکن محمداشفاق کی والدہ محترمہ عائشہ بیگم کے انتقال پردلی افسوس اورتعزیت کا اظہارکیاہے۔اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے دعاکی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ عائشہ بیگم کی مغفرت فرمائے،مرحومہ کوجنت الفردوس میں جگہ دے اورتمام لواحقین کوصبرجمیل عطاکرے۔دریں اثناءایم کیوایم یوکے کے آرگنائزرڈاکٹرسلیم دانش اورآرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے بھی محمداشفاق کی والدہ کے انتقال پردلی افسوس کا اظہارکیااوردعاکی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اورتمام لواحقین کوصبرجمیل عطافرمائے۔

☆☆☆☆☆